پاکستان اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کا کوویڈ19 کے متاثرین کو خراج تحسین

مانچسٹر، 5 اگست 2020ء:

پاکستان اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں نے اولڈ ٹریفورڈ مانچسٹر میں پہلے ٹیسٹ کے آغاز سے قبل ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی۔ یہ عمل کوویڈ19 کی وباء سے متاثرہ افراد کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے اختیار کیا گیا۔

پاکستان میں اب تک دو لاکھ اسی ہزار سے زائد افراد کورونا وائرس کی وباء سے متاثر اور چھ ہزار سے زائد جاں بحق ہوچکے ہیں۔ برطانیہ میں کورونا کا شکار کُل تین لاکھ پانچ ہزار افراد میں سے اب تک چھیالیس ہزار افراد اپنی جانیں گنوا چکے ہیں جبکہ دنیا بھر میں اب تک کورونا کے 1 کروڑ 80 لاکھ متاثرین میں سے کُل چھ لاکھ اکانوے ہزار سے زائد افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں۔

مارچ میں کرکٹ کی تمام سرگرمیاں معطل ہونے کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ نے انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے ساتھ مل کر بین الاقوامی کرکٹ کی بحالی کے لیے یہ قدم اٹھایا ہے، جو کھیل کی عالمی سطح پر پذیرائی اور فروغ کا سبب بنے گا۔

قومی کرکٹ ٹیم 28 مئی سے برطانیہ میں موجود ہے جہاں ای سی بی نے ان کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ انہیں آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کی تیاری کی غرض سے ٹریننگ اور پریکٹس کے لیے عالمی معیار کی سہولیات فراہم کیں۔

وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان نے کہا کہ پاکستان کرکٹ کے لئے یہ بہت جذباتی لمحات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جہاں ہم اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے بین الاقوامی کرکٹ کا دوبارہ آغاز کررہے ہیں تو وہیں ہم اس وباء سے متاثرہ افراد کے ساتھ کھڑے ہورہے ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ ہم تمام متاثرین کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلانا چاہتے ہیں کہ پاکستان کرکٹ ہمیشہ ان کی حمایت کرتی رہے گی۔

وسیم خان نے کہا کہ اس ایک منٹ کی خاموشی کے ذریعے ہم وباء سے لڑنے والے ان صفِ اول کے سپاہیوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں جو بطور طبی عملہ بے لوث محنت سے کام کرتے ہوئے دوسروں کو بچانے کی کوششوں میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کررہے ہیں۔

ان کا کہنا ہے کہ بلاشبہ پیرامیڈیکل اسٹاف اس وباء کے دوران ہمارے حقیقی ہیروز ہیں، جن کی محنت اور لگن کے بغیر نقصان کا تخمینہ کہیں زیادہ ہوتا۔

وسیم خان نے کہا کہ پاکستان اور انگلینڈ کی کرکٹ ٹیموں کا ایک منٹ کی خاموشی اختیار کرنا باہمی احترام کا مظہر ہے، دونوں بورڈز اور ٹیموں کے درمیان مضبوط باہمی تعلق ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل دونوں بورڈز کے تعلقات کبھی اتنے مضبوط نہیں رہے اوراب ہم مستقبل میں اسے مزید فروغ دینے کے خواہشمند ہیں تاکہ ایک دوسرے کے تجربے، علم اور مدد سے فائدہ اٹھاسکیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and

pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4